نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرِ اعلیٰ پنجاب کے کسان دوست ویژن کے تحت صوبہ پنجاب کی تاریخ میں پہلی بار ترقیاتی بجٹ مالی سال 202425 میں شعبہ زراعت کے لئے 64 ارب 60 کروڑ روپے کی خطیر رقم مختص کی گئی ہے۔وزیر زراعت لائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی

لاہور:19 جون 2024: وزیر زراعت و لائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب زرعی ترقی اور کاشتکاروں کی خوشحالی کے لیے پرعزم ہیں۔وزیرِ اعلیٰ پنجاب کے کسان دوست ویژن کے تحت صوبہ پنجاب کی تاریخ میں پہلی بار ترقیاتی بجٹ مالی سال 25-2024 میں شعبہ زراعت کے لئے 64 ارب 60 کروڑ روپے کی خطیر رقم مختص کی گئی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ مالی سال 25-2024 کا بجٹ رواں مالی سال کی نسبت تقریباً 250 فیصد زیادہ ہے۔علاوہ ازیں،150 ارب روپے کی خطیر رقم سے وزیرِ اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کا اجراء کیا جا رہا ہے جس کے تحت صوبہ پنجاب میں 5 لاکھ کسانوں کو بلاسود آسان زرعی قرضہ جات فراہم کئے جائیں گے۔30 ارب روپے کی لاگت سے گرین ٹریکٹر سکیم متعارف کرائی جا رہی ہے جس کے تحت کسانوں کو ہزاروں کی تعداد میں سبسڈی پر ٹریکٹرز فراہم کئے جائیں گے جس سے صوبہ میں زرعی میکنائزیشن کو فروغ حاصل ہوگا۔صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ وزیرِ اعلیٰ پنجاب کے سموگ کنٹرول پروگرام کے تحت 8 ارب کی لاگت سے 5 ہزار سپر سیڈرز فراہم کیے جا رہے ہیں۔اس کے علاوہ اس بجٹ میں جدید زرعی مشینری و آلات کی سبسڈی پر فراہمی کے لیے 12 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔1 ارب 25 کروڑ روپے کی لاگت سے صوبہ پنجاب میں ماڈل ایگریکلچرل مالز کا قیام عمل میں لایا جا رہا ہے۔تل، سویابین اور کینولا کی کاشت اور پیداوار میں اضافہ کے لیے 1 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔اس کے علاوہ وزیر اعلی پنجاب کی خصوصی ہدایات پر ایک ہزار زرعی گریجویٹس کو زراعت کے شعبے میں بھرتی کیا جا رہا ہے

☆☆☆☆